**INM**

**03-11-2024**

**13.50 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں مہتاب عالم

**Music**

--------------------------------

☆ مرکزی وزیر داخلہ اور **BJP** کے سرکردہ لیڈر امت شاہ نے رانچی میں جھارکھنڈ آسمبلی انتخابات کیلئے پارٹی کا چناؤ منشور ’’سنکلپ پتر‘‘ جاری کیا ہے اور ریاست میں یکساں سِول کوڈ نافذ کرنے کا وعدہ کیا ہے ، جبکہ قبائلی افراد اِس کے دائرے سے باہر رہیں گے۔

☆ وزیرِ خارجہ ایس جے شنکر آج سے آسٹریلیا اور سنگاپور کے چھ دن کے دورے پر رہیں گے۔

☆ بھارتی ریلویز چھَٹھ پوجا کے دوران مسافروں کی سہولت کیلئے **145** خصوصی ریل گاڑیاں چلا رہا ہے۔

☆ موسمیات محکمے نے تمل ناڈو، پدوچیری اور کیرالہ میں آج شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ کرکٹ میں، نیوزی لینڈ نے ممبئی ٹسٹ میں بھارت کو **25** رَن سے ہراکر سیریز تین - صفر سے جیت لی ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، جرمنی میں جاری **Hylo** اوپن ٹورنامنٹ کے فائنل میں **Malvika Bansod** کا مقابلہ **Mia Blichfeldt** سے ہونے والا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے---

**JHARKHAND AMIT SHAH**

مرکزی وزیر داخلہ اور **BJP** کے سرکردہ لیڈر امت شاہ نے آج رانچی میں جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کیلئے پارٹی کا چناؤ منشور ''سنکلپ پتر'' جاری کیا۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب امت شاہ نے کہا کہ اگر **BJP** اقتدار میں آتی ہے تو جھارکھنڈ میں یکساں سِول کوڈ نافذ کیا جائے گا لیکن قبائلی افراد اِس کے دائرے سے باہر رہیں گے۔

انہوں نے کہا کہ سَنتھال پرگنہ علاقے سے بنگلہ دیشی افراد کی دراندازی کو روکنے کیلئے ضابطے بنائے جائیں گے کیونکہ اِس سے ریاست میں آبادی کے اعتبار سے صورتِ حال تبدیل ہوگئی ہے۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ دراندازوں نے قبائلی خواتین سے شادی کرکے قبائلیوں سے زمین لے کر اپنے قبضے میں کرلی ہے۔

مرکزی وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ قانون بنانے کے بعد قبائلیوں کو اُن کی زمین واپس کردی جائے گی اور اِس کا اطلاق پچھلی تاریخ سے ہوگا۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ جھارکھنڈ میں ہر خاتون کو''**Gogo-Didi**'' یوجنا کے تحت اکیس سو روپے ماہانہ دیئے جائیں گے۔ سبھی کنبوں کو ایک **LPG** سلنڈر **500** روپے میں دیا جائے گا، جبکہ دیوالی اور رَکشا بندھن کے موقع پر دو سلنڈر مفت دیئے جائیں گے۔ بے روزگار گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ نوجوانوں کو دو سال تک ہر مہینے دو ہزار روپے ملیں گے۔

جناب امت شاہ نے مزید کہا کہ پانچ سال کے اندر اندر روزگار کے پانچ لاکھ مواقع دستیاب کرائے جائیں گے۔ اس کے علاوہ، دو لاکھ **87** ہزار خالی سرکاری عہدوں کو بروقت انداز سے پُر کیا جائے گا۔ **x**

**JAISHANKAR - AUSTRALIA SINGAPORE**

وزیر خارجہ ایس جے شنکر آج سے آسٹریلیا اور سنگاپور کے چھ دن کے دورے پر رہیں گے۔ ڈاکٹر جے شنکر **Brisbane** جائیں گے اور آسٹریلیا میں بھارت کے چوتھے قونصل خانے کا افتتاح کریں گے۔ وہ کینبرا میں آسٹریلیا کے اپنے ہم منصب **Penny Wong** کے ساتھ وزراء خارجہ فریم ورک کے پندرہویں مذاکرات کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔

ڈاکٹر جے شنکر آسٹریلیا کے پارلیمنٹ ہاؤس میں دوسرے **Raisina Down Under** کے افتتاحی اجلاس میں کلیدی خطاب بھی کریں گے۔

اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں وزیر خارجہ سنگاپور جائیں گے اور اِس مہینے کی **8** تاریخ کو آسیان اور بھارت کے دانشوروں کی آٹھویں گول میز میٹنگ سے خطاب کریں گے۔**x**

## KERALA - ASHWINI VAISHNAW

اطلاعات و نشریات، ریلویز اور IT محکمے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو کیرالہ کے ایک دن کے دورے پر کوچی پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے ریلوے کے بنیادی ڈھانچے، امرت بھارت اور ریلوے اسٹیشن کی تزئین کاری کے موجودہ پروجیکٹوں کا جائزہ لینے کیلئے Aluva سے کوزی کوڈ تک ایک خصوصی ٹرین میں سوار ہوکر معائنہ کیا۔

کوزی کوڈ ریلوے اسٹیشن پر جناب اشونی ویشنو Palakkad ریلوے ڈویژن کے ترقیاتی پروجیکٹوں کے سلسلے میں ایک اور جائزہ میٹنگ بھی کررہے ہیں۔ x

## MAHA - ELECTION

مہاراشٹر میں 288 اسمبلی حلقوں کیلئے نامزدگی پرچوں کی جانچ پڑتال کے بعد سات ہزار 66 کاغذاتِ نامزدگی درست پائے گئے ہیں۔ اِدھر Mahayuti کے تقریباً 36 امیدوار اور مہا وِکاس اَگھاڑی کے 26 امیدوار باغی ہوگئے ہیں۔ دونوں اتحادوں کے رہنما ، اِن باغی ارکان کو کل تک اپنا نام واپس لینے کیلئے راضی کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ نامزدگی واپس لینے کا کل آخری دن ہے۔

مہاراشٹر میں اِس مہینے کی 20 تاریخ کو پولنگ ہوگی اور ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔ x

## TELANGANA METRO RAIL

تلنگانہ سرکار نے حیدرآباد میٹرو ریل پروجیکٹ کے دوسرے مرحلے پر عمل درآمد کی انتظامی منظوری دے دی ہے۔ دوسرے مرحلے کے تحت 76 اعشاریہ چار کلومیٹر کا میٹرو نیٹ ورک آئے گا۔ اِسے تلنگانہ سرکار اور مرکزی سرکار کے درمیان برابر کی حصہ داری کے مشترکہ پروجیکٹ کے طور پر نافذ کیا جائے گا۔ اِس پر تقریباً 24 ہزار 269 کروڑ روپے کی لاگت آنے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔x

## PM - DUMA BOKO

وزیر اعظم نریندر مودی نے بوتسوانا کا صدر منتخب ہونے پر Duma Boko کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں جناب مودی نے کہا کہ وہ بھارت اور بوتسوانا کے درمیان باہمی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کیلئے ، اُن کے ساتھ مل کر کام کرنے کے متمنی ہیں۔ x

## RAILWAYS SPECIAL TRAINS

بھارتی ریلویز چَھٹھ پوجا کے دوران مسافروں کی سہولت کیلئے **145** خصوصی ریل گاڑیاں چلا رہا ہے۔ آج دلّی قومی راجدھانی خطّے سے تقریباً **20** فیسٹیول خصوصی ٹرینیں ملک کے مختلف حصوں کیلئے روانہ ہورہی ہیں۔ اِن میں دربھنگہ، **Barauni** ، پٹنہ، کٹرا، مظفر پور ، بلیا ، کامکھیہ اور اعظم گڑھ شامل ہیں۔ ہر سال ریلوے کا محکمہ تہوار کے دنوں میں لاکھوں مسافروں کی سہولت کیلئے خصوصی ریل گاڑیاں چلاتا ہے۔ **x**

## IMD - WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے نے تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل، کیرالہ اور ماہے میں آج گرج چمک کے ساتھ شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے نے اگلے چار دن کے دوران شمال مغربی بھارت اور ملک کے مشرقی حصوں میں دن اور رات کا درجۂ حرارت رفتہ رفتہ دو سے تین ڈگری سیلسیس تک کم ہونے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔

موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ دلّی اور قومی راجدھانی خطّے میں اگلے دو تین دن کے دوران رات اور صبح کے اوقات میں دھواں اور دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔ **x**

## BHAI DOOJ

آج بھائی دُوج کا تہوار منایا جارہا ہے۔ یہ تہوار دیوالی کے دو دن بعد منایا جاتا ہے اور اِس کے ساتھ ہی پانچ دن کی تقریبات اختتام پذیر ہوتی ہیں۔ ملک کے مختلف حصوں میں بھائی دُوج کو الگ الگ ناموں سے جانا جاتا ہے۔

اِس دن بہنیں اپنے بھائیوں کے ماتھے پر ٹیکا لگاتی ہیں اور اُن کی سلامتی اور طویل عمر کیلئے پرارتھنا کرتی ہیں۔ اِس کے عوض بھائی اپنی بہنوں کی حفاظت اور اُن کا خیال رکھنے کا وعدہ کرتے ہیں۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھائی دُوج کے موقع پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ اِس تہوار سے بھائیوں اور بہنوں کے درمیان پیار و محبت اور مستحکم ہوگا۔ **x**

## KEDARNATH CLOSE

اتراکھنڈ کے رُودر پریاگ ضلع میں کیدارناتھ دھام کے کپاٹ آج صبح موسم سرما کیلئے بند کردیئے گئے۔ کیدار ناتھ دھام **12** جیوتر لنگوں میں سے ایک ہے۔ اِس موقع پر مندر کو تقریباً **10** کوئنٹل پھولوں سے سجایا گیا تھا۔ اِس سیزن میں **15** لاکھ سے زیادہ عقیدتمندوں نے کیدارناتھ دھام میں درشن کئے۔

اِدھر اُتر کاشی میں یمنوتری دھام کے دروازے بھی آج موسمِ سرما کیلئے بند کردیئے گئے۔ وہاں اِس سال سات لاکھ سے زیادہ یاتریوں نے درشن کئے۔ x

## CHHATTISGARH MAOIST ATTACK

چھتیس گڑھ کے سُکما ضلع میں آج ماؤ نوازوں کے ایک حملے میں دو پولیس کانسٹبل زخمی ہوگئے۔ ماؤ نوازوں نے اِن جوانوں پر اُس وقت حملہ کیا ، جب وہ **Jagargunda** قصبے میں ایک ہفتے وار بازار میں ڈیوٹی انجام دے رہے تھے۔ علاقے میں تلاش کی کارروائی تیز کردی گئی ہے۔ x

## GAZA ATTACK

اسرائیل کی فضائی فوج اور توپخانے کی بمباری میں وسطی غزہ میں **Nuseirat** پناہ گزین کیمپ میں کم از کم **42** فلسطینیوں کی موت ہوگئی، جبکہ ڈیڑھ سو سے زیادہ زخمی ہوئے۔ فلسطینی سکیورٹی ذرائع کی اطلاعات کے مطابق اسرائیلی فوج جمعہ کی صبح سے **Nuseirat** میں ہوائی جہازوں اور توپخانے سے مکانوں پر بمباری کررہی ہے۔

غزہ سرکار کے میڈیا دفتر نے اِن حملوں کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ بچوں اور خواتین سمیت عام شہریوں کو دانستہ طور پر نشانہ بنایا جارہا ہے۔ اُس نے بین الاقوامی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ غزہ کے لوگوں کے خلاف اِن حملوں کو روکنے کیلئے اسرائیل پر دباؤ ڈالے۔

اُدھر اسرائیل کی دفاعی افواج نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اُس نے ملی ٹینٹس کو ہلاک کرنے، اُن کا بنیادی ڈھانچہ ختم کرنے اور ہتھیاروں کا پتہ لگانے کیلئے **Rafah** اور وسطی غزہ میں کارروائی کی ہے۔ x

## CRICKET

کرکٹ میں، نیوزی لینڈ نے ممبئی ٹسٹ میں بھارت کو **25** رَن سے ہراکر سیریز تین - صفر سے جیت لی ہے۔

ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں تین ٹسٹ میچوں کی سیریز کے آخری میچ کے آج تیسرے دن بھارت کی پوری ٹیم اپنی دوسری اننگز میں **121** رَن بناکر آؤٹ ہوگئی، جبکہ اُسے جیتنے کیلئے **147** رَن کا نشانہ ملا تھا۔ نیوزی لینڈ کی طرف سے اعجاز پٹیل نے چار اہم وکٹ لئے۔

بھارت کی باری لڑکھڑا گئی۔ کپتان روہت شرما صرف **11** رَن بناکر آؤٹ ہوگئے، جبکہ شُبھ مَن گِل اور وِراٹ کوہلی بھی ایک رَن بنا سکے۔ رویندر جڈیجہ نے **29** رَن بنائے۔ ایک مرحلے پر **71** رَن کے اسکور پر بھارت

کے چھ کھلاڑی آؤٹ ہوچکے تھے۔

اِس سے پہلے نیوزی لینڈ نے 235 اور 174 رَن بنائے۔

1955 کے بعد سے نیوزی لینڈ نے بھارت کی سرزمین پر پہلی ٹسٹ سیریز جیتی ہے۔ اِس طرح بھارت کا اپنی سرزمین پر کوئی سیریز نہ ہارنے کا 12 سال سے جاری سلسلہ ٹوٹ گیا ہے۔ x

## HYLO OPEN BADMINTON

جرمنی میں جاری Hylo اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں آج خواتین سنگلز کے فائنل میں بھارت کی Malvika Bansod کا مقابلہ ساتویں نمبر کی کھلاڑی ڈنمارک کیMia Blichfeldt سے ہوگا۔ وہ BWF ورلڈ ٹور میں دوسری مرتبہ فائنل میں کھیل رہی ہیں۔ اِس سے پہلے وہ 2022 میں سید مودی انٹرنیشنل ٹورنامنٹ میں پی وی سندھو کے بعد دوسرے مقام پر رہی تھیں۔

Malvika Bansod سیمی فائنل میں ڈنمارک کی Julie Dawall Jakobsen کو 23-21 اور 21-18 سے ہراکر خواتین سنگلز کے فائنل میں پہنچی ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆